سوال

(22)ایک شخص کے پاس 6 تولے سونا اور دو سو روپیہ نقدی ہے الخ۔

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک شخص کے پاس ۶ تولے سونا ہے، اور دو (۲) سو روپیہ نقد ہے، زید کہتا ہے کہ سونے پر زکوۃ واجب نہیں، کیوں کہ وہ 71/2 تولے سے کم ہے، مگر بکر کہتا ہے کہ وہ سونے کی قیمت پر زکوٰۃ دے، دونوں میں صحت پر کون ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

زید کا قول زیادہ صحیح ہے سونے اور چاندی پر زکوۃ الگ الگ واجب ہے، ہاں اگر کوئی دونوں کو جمع کر کے زکوہ ادا کرے تو اجر اور ثواب ضرور پائے گا، اور اگر ایسا نہیں کرے گا تو گرفت نہیں ہوگی۔ (اہل حدیث سوہدرہ جلد ۴ شمارہ ۱۷)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاوی علمائے حدیث]

جلد 7 ص 93

محدث فتویٰ